25/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی زیر قیادت موجودہ سرکار جموںو کشمیر کے ہر خطے اور علاقے میں مساوی ترقی یقینی بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

وہ گاندربل اسمبلی حلقے میں کئی کلیدی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے، جن پر84کروڑ 41لاکھ روپے کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔

دورے کے دوران وزیر اعلیٰ نے مشن یوا کے کئی مستحق نوجوانوں مینمجموعی طور55لاکھ روپے کے Sanction Letters۔ بھی تقسیم کئے

ائر پورٹ

عوامی حلقوں نے سرینگر ہوائی اڈے پرسول انکلیو ٹرمنل کی توسیع کاری کیلئے مرکزی کابینہ کی طرف سے ہری جھنڈی ملنے کا وسیع خیر مقدم کیا ہےماہرین کا ماننا ہے کہ یہ اقدام خطے کی معیشت ، سیاحت ، روزگار اور تزویراتی اہمیت کا حامل ہے ۔

غور طلب ہے کہ مرکزی کا بینہ نے کل سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سیول انکلیو کی بڑی توسیع کا ری کیلئے 1ہزار677 کروڑروپے کاسرمایہ لگانے کی منظوری دی ہے۔

73 ایکڑ سے زائد رقبے پر محیط نیا سیول انکلیو، 71ہزار5سومربع میٹر پر پھیلے ہوئے ایک جدید طرین ٹرمینل عمارت کو پیش کرے گا، جو چوٹی کے اوقات میں2ہزار9سو مسافروں کی خدمت کےلئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اسکی سالانہ گنجائش10ملین مسافر ہوگی۔

خیر مقدم

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے سرینگرکے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سول انکلیو کی جامع توسیع کو منظوری دینے کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیاہے۔

اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہاکہ سرینگر میں نئے سول انکلیوکی بدولت کشمیرکا اقتصادی مستقبل اپ گریڈ ہونے کے ساتھ ساتھ وادی ایک خوبصورت سیاحتی منزل بھی بنے گی ۔

ہینڈ کرافٹس

ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم محکمے کی جانب سے نمائش گاہ سرینگر میںآج سے2روزہ ٹرینی پروڈکٹس سیل کا اہتمام ہے۔ اس میں صوبے کے سبھی 10اضلاع میں قائم432 تربیتی مراکز میں Trainees کے ہا تھوں تیار کی گئی مصنوعات نمائش اور فروخت کےلئے رکھی گئی ہیں۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

ٹنگڈار

Rouble آرٹ فاؤنڈیشن کی بانی Rouble Nagiعالمی سطح پر تسلیم شدہ سماجی کارکن اور واقع امروہی ٹنگڈار کا دورہ کرکے وہاں ضرورت مند کنبوں LOC نے فوج کی اعانت سےNagi اور طالب علمونمیں کچھ گھریلو چیزیں تقسیم کیں۔

LOC کے متصل دیہات نوجوانوں میں منشیات کے بڑھتے استعمال پر روک لگانے کیلئے انہوننے مینڈیجیٹل لرننگ مراکز قائم کرنے کا عزم ظاہر کیا تاکہ ان علاقوں کے نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنایا جائے۔

کھیلو انڈیا

مشہور سیاحتی مقام گلمرگ مینکھیلو انڈیاونٹر گیمز کے تحت آج تیسرے دن کی سرگرمیاں شروع ہو گئی ہیں۔ گلمرگ کے برفیلے ڈھلانوں پر ملک بھر سے آئے ہوئے اتھلیٹوں میں زبردست جوش و خروش دیکھاجا رہا ہے ۔

اب تک کئی کھلاڑیوننے مختلف کھیل زمرونمیں سونے ، چاندی اور کانسے کے تمغے جیت لئے ہیں۔ میڈل جیتنے والے کئی کھلاڑیوں کے تاثرات۔

گلمرگ مینکھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا یہ سلسلہ کل بھی جاری رہے گا۔

اگنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے آن لائن لرننگ پروگراموں اور اوپن ڈسٹنس پروگراموں کیلئے داخلے کی تاریخ 28 فروری تک بڑھا دی ہے۔

اگنو ریجنل سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر اے ایچ رضوی نے کہا ہے کہ اگنو نے طلباءکی سہولت کے لئے رواں داخلہ سیشن کے لئے مختلف اقسام کے ساتھ 60نئے پروگرام متعارف کئے ہیں ۔